# 2 - سلاطین: ابواب کا خلاصہ



| | |
|---|---|
| باب 1 | |
| 1 آیت | موآب اسرائیل سے باغی ہو جاتا ہے۔ |
| 2- 4 آیات | اخزیاہ اپنے قاصد عقرُون کے دیوتا بعل زبُوب کی طرف بھیجتا ہے مگر ایلیاہ اُسے اُس کے انجام سے آگاہ کرتا ہے۔ |
| 5- 12 آیات | ایلیاہ اخزیاہ کے اُن سپاہیوں پر آسمان پر سے دو دفعہ آگ مانگتا ہے جو اُسے گرفتار کرنے آتے ہیں۔ |
| 13- 16 آیات | ایلیاہ تیسرے گروہ کے سردار پر رحم کرتا ہے اور فرشتہ اُسکی ہمت بڑھاتا ہے کہ وہ بادشاہ کو اُس کی موت کی خبر دے۔ |
| 17- 18 آیات | یہُورام اخزیاہ کی جگہ بادشاہ بنتا ہے۔ |
| باب 2 | |
| 1- 8 آیات | ایلیاہ جب الیشع سے جدا ہونے کو تھا وہ اپنی چادر سے یردن کو دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔ |
| 9-11 آیات | الیشع کی مِنّت پوری کرتے ہوئے ایلیاہ آتشی رتھوں اور گھوڑوں کے ذریعے آسمان پر اُٹھالیا جاتا ہے۔ |
| 12- 15 آیات | الیشع ایلیاہ کی چادر سے یردن کو دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے اور ایلیاہ کا جانشین ہوتا ہے۔ |
| 16-18 آیات | نوجوان الیشع سے ایلیاہ کو ڈھونڈنے کی اجازت لیتے ہیں مگر کہیں نہیں پاتے۔ |
| 19- 22 آیات | الیشع نمک کے ذریعے خراب پانی اور بنجر زمین کو ٹھیک کرتا ہے۔ |
| 23- 25 آیات | دو ریچھنیاں الیشع کو چڑانے والے بچے کو پھاڑ ڈالتی ہیں۔ |
| باب 3 | |
| 1- 3 آیات | یہُورام کا دورِ حکومت۔ |
| 4-5 آیات | موآب کا بادشاہ میسا شاہِ اسرائیل سے باغی ہو جاتا ہے۔ |
| 6- 20 آیات | یہُورام، یہُوسفط اور شاہِ ادُوم پانی کے لیے پریشان ہوتے ہیں۔ الیشع اُنکو پانی مہیا کرتا ہے اور کامیابی کا وعدہ کرتا ہے۔ |
| 21- 25 آیات | موآبی پانی کے رنگ سے دھوکا کھاتے ہیں اور جب لُوٹ کا مال حاصل کرنے جاتے ہیں تو اسرائیلیوں سے شکست کھاتے ہیں۔ |
| 26- 27 آیات | شاہِ موآب جب شاہِ ادُوم پر قاتلانہ حملے میں ناکام رہا تو اُس نے اپنے بیٹے کو سوختنی قربانی کے طور پر گُذرانا۔ |
| باب 4 | |
| 1- 7 آیات | الیشع ایک بیوہ کے گھر میں تیل کو بڑھانے کا معجزہ کرتا ہے۔ |
| 8- 17 آیات | الیشع شُونیمی عورت کو بیٹے کی دُعا دیتا ہے۔ |
| 18- 37 آیات | الیشع اُس کے مردہ بیٹے کو زندہ کرتا ہے۔ |
| 38-41 آیات | جلجال میں الیشع کھانے کو ٹھیک کرتا ہے۔ |
| 42- 44 آیات | جَو کے بیس گردوں سے الیشع سو آدمیوں کو آسودہ کرتا ہے۔ |
| باب 5 | |

Copyright©2020 reserved



| | |
|---|---|
| 1- 7 آیات | اسیر چھوٹی لڑکی کے کہنے پر نعمان سامریہ کو جاتا ہے کہ اپنی کوڑھ سے شفا پاسکے۔ |
| 8- 14 آیات | الیشع نعمان کو یردن میں سات بار غوطہ مارنے کو کہتا ہے۔ |
| 15- 19 آیات | الیشع نعمان کا ہدیہ لینے سے انکار کر دیتا ہے اور اُسے مٹی لے جانے کی اجازت دے دیتا ہے۔ |
| 20- 27 آیات | جیحازی اپنے آقا الیشع کے نام سے جھوٹ بولتا ہے اور کوڑھ سے مارا جاتا ہے۔ |
| **باب 6** | |
| 1- 7 آیات | الیشع انبیازادوں کو مکان بڑھا کرنے کی اجازت دیتا ہے اور لوہے کو پانی پر تیراتا ہے۔ |
| 8- 12 آیات | الیشع شاہِ ارام کی مشورت کو شاہِ اسرائیل پر عیاں کرتا ہے۔ |
| 13- 18 آیات | دوتینؔ میں بھیجے گئے سپاہی جو الیشع کو پکڑنے آتے ہیں اندھے کر دیئے جاتے ہیں؛ |
| 19- 23 آیات | اور جب وہ سامریہ میں لائے جاتے ہیں تو اُن کو کھانا کھلا کر رخصت کیا جاتا ہے۔ |
| 24- 29 آیات | سامریہ میں کال کے دوران عورتوں کو اپنے بچوں کو کھانا پڑتا ہے۔ |
| 30- 33 آیات | الیشع کے قتل کے لیے بادشاہ ایک قاصد بھیجتا ہے۔ |
| **باب 7** | |
| 1- 2 آیات | الیشع سامریہ میں بڑی فراوانی کی نبوّت کرتا ہے۔ |
| 3-11 آیات | چار کوڑھی ارامیوں کی لشکر گاہ میں جانے کا خطرہ مول لیتے ہیں اور وہ شہر میں واپس آکر دربانوں کو ساری خبر سُناتے ہیں۔ |
| 12- 16 آیات | جب بادشاہ نے دیکھا کہ خبر سچی ہے تو وہ ارامی لشکر گاہ کو لُوٹتے ہیں۔ |
| 17- 20 آیات | وہ سردار جو فراوانی کی نبوّت کا یقین نہیں کرتا پھاٹک پر لوگوں کے پاؤں کے نیچے کچلا اور مارا جاتا ہے |
| **باب 8** | |
| 1- 6 آیات | شُونیمی عورت کال کے سات سال بعد اپنے گھر واپس آجاتی ہے اور اپنی زمین کے لیے بادشاہ سے فریاد کرتی ہے۔ |
| 7- 15 آیات | بن ہدد حزائیل کو دمشق میں الیشع کے پاس بھیجتا ہے وہ نبوّت سُن کر اپنی آقا کو قتل کرتا ہے اور خود بادشاہ بن جاتا ہے۔ |
| 16- 19 آیات | یہوداہ میں یُورام کا ناراست دورِ حکومت۔ |
| 20- 22 آیات | اَدُوم اور لِبناہ یہوداہ کی اطاعت سے منحرف ہو جاتے ہیں۔ |
| 23- 24 آیات | یُورام کا بیٹا اخزیاہ اُس کی جگہ بادشاہ بنتا ہے۔ |
| 25- 27 آیات | اخزیاہ کا ناراست دورِ حکومت۔ |
| 28- 29 آیات | اخزیاہ یزرعیل میں یُورام سے ملنے جاتا ہے۔ |
| **باب 9** | |
| 1- 3 آیات | الیشع ایک انبیازادے کو بھیجتا ہے کہ وہ رامات جلعاد جا کر یاہُو کو مسح کرے۔ |
| 4- 10 آیات | وہ جوان نبی یاہُو کو مسح کر کے واپس بھاگ جاتا ہے۔ |
| 11- 26 آیات | سپاہی جب یاہُو کو بادشاہ بنا دیتے ہیں تو وہ یورامؔ کو نبوتؔ کے کھیت میں قتل کرتا ہے۔ |
| 27- 29 آیات | اخزیاہ جُور میں مارا جاتا ہے اور یروشلیم میں دفن کیا جاتا ہے۔ |



Copyright©2020 reserved

| | |
|---|---|
| 30-37 آیات | ایزبل کھڑکی سے نیچے پھینک دی جاتی ہے اور کتے اُسے کھاتے ہیں۔ |
| **باب 10** | |
| 1-7 آیات | یاہُو خط لکھتا ہے کہ اخی اب کے ستّر بیٹوں کا سر قلم کر دیا جائے۔ |
| 8-11 آیات | یاہُو ایلیاہ نبی کی طرف سے پیش کی گئی نبوت کو پورا کرتا ہے۔ |
| 12-14 آیات | اور بال کترنے کے گھر کے حوض پر اخزیاہ کے بیالیس بھائیوں کو قتل کیا جاتا ہے۔ |
| 15-17 آیات | یاہُو یہوناداب کو اپنے ساتھ مِلا لیتا ہے۔ |
| 18-28 آیات | یاہُو بڑی ہی نفاست سے بعل کے تمام پجاریوں کو قتل کر دیتا ہے۔ |
| 29-31 آیات | یاہُو بھی گناہوں میں یربُعام کی پیروی کرتا ہے۔ |
| 32-33 آیات | حزائیل اسرائیلیوں کو اذیّت دیتا ہے۔ |
| 34-36 آیات | یاہُو کا بیٹا یہُوآخز اُس کی جگہ بادشاہ بنتا ہے |
| **باب 11** | |
| 1-3 آیات | اخزیاہ کی ماں عتلیاہ بادشاہ کی ساری نسل کو نابُود کرتی ہے مگر اخزیاہ کی بہن اُسکے بیٹے یُوآس کو چھ سال تک چھپائے رکھتی ہے۔ |
| 4-12 آیات | یہویدع کاہن سرداروں کے ساتھ عہد وپیماں کرتا ہے اور ساتویں سال شہزادے یہوآس کو بادشاہت کے لیے مسح کرتا ہے۔ |
| 13-16 آیات | عتلیاہ قتل کی جاتی ہے۔ |
| 17-21 آیات | یہویدع خدا کی پرستش کے دستور کو بحال کرتا ہے۔ |
| **باب 12** | |
| 1-3 آیات | یہوآس یہویدع کی تعلیم وتربیت پر قائم رہتا ہے اور خدا کی پیروی کرتا ہے۔ |
| 4-16 آیات | وہ ہیکل کی مرمت کا حکم جاری کرتا ہے۔ |
| 17-18 آیات | یہوآس ہیکل کی تمام مقدس چیزوں کو حزائیل کی طرف بھیج دیتا ہے کہ وہ یروشلیم پر چڑھائی نہ کرے۔ |
| 19-21 آیات | یہوآس مارا جاتا ہے اور اُس کا بیٹا امصیاہ اُس کی جگہ بادشاہ بنتا ہے۔ |
| **باب 13** | |
| 1-2 آیات | شاہِ اسرائیل یہوآخز کا ناراست دورِ حکومت۔ |
| 3-7 آیات | یہوآخز خدا کے حضور گڑگڑاتا ہے اور خدا اُسے حزائیل کے ظلم سے نجات دیتا ہے۔ |
| 8-9 آیات | یہوآخز کا بیٹا یُوآس اُس کی جگہ بادشاہ بنتا ہے۔ |
| 10-11 آیات | یُوآس کا ناراست دورِ حکومت۔ |
| 12-13 آیات | یربُعام یُوآس کی جگہ بادشاہ بنتا ہے۔ |
| 14-19 آیات | جب الیشع مرنے کو ہوتا ہے تو وہ نبوّت کرتا ہے کہ یُوآس ارامیوں پر تین بار فتح پائے گا۔ |
| 20-21 آیات | موآبی ملک پر چڑھائی کرتے ہیں اور الیشع کی ہڈیوں سے ٹکرانے سے ایک مردہ زندہ ہو جاتا ہے۔ |
| 22-25 آیات | یُوآس بن ہدد کو تین بار شکست دیتا ہے۔ |





Copyright©2020 reserved

| باب 14 | |
|---|---|
| 1-4 آیات | امصِیاہ کاراست دورِ حکومت۔ |
| 5-6 آیات | امصِیاہ کااپنے باپ کو قتل کرنے والوں کے ساتھ سلوک |
| 7 آیت | اُدومیوں پر امصیاہ کی فتح یابی۔ |
| 8-14 آیات | امصیاہ شاہِ اسرائیل کولڑائی کے لیے اُکساتاہے اور اُس سے شکست کھاتا ہے۔ |
| 15-16 آیات | یہوآس کابیٹا یرُبعام اُس کی جگہ بادشاہ بنتا ہے۔ |
| 17-20 آیات | ایک سازش کے ذریعے امصیاہ کو قتل کر دیا جاتا ہے۔ |
| 21-22 آیات | امصیاہ کا بیٹا عزریاہ اُس کی جگہ بادشاہ بنایا جاتا ہے۔ |
| 23-27 آیات | شاہِ اسرائیل یرُبعام دوم کاناراست دورِ حکومت۔ |
| 28-29 آیات | یرُبعام کا بیٹا زکریاہ اُس کی جگہ بادشاہ بنتا ہے۔ |
| **باب 15** | |
| 1-4 آیات | عزریاہ کاراست دورِ حکومت۔ |
| 5-7 آیات | عزریاہ مرنے کے دن تک کوڑھی رہتاہے اور اُس کا بیٹا یُوتام اُس کی جگہ بادشاہ ہوتا ہے۔ |
| 8-12 آیات | زکریاہ جو یاہُو بادشاہ کی نسل میں سے آخری ہے وہ بھی خدا کی نظر میں بدی کرتا ہے اور سلُوم کے ہاتھوں مارا جاتا ہے۔ |
| 13-15 آیات | سلُوم ایک ماہ تک سلطنت کرتا ہے اور جادی کے بیٹے مناحِم کے ہاتھوں قتل ہوتا ہے۔ |
| 16-20 آیات | شاہِ اسرائیل مناحِم شاہِ اسُور پُول کی مدد سے اپنی سلطنت کو مضبوط کرتا ہے۔ |
| 21-22 آیات | مناحِم کا بیٹا فقحِیاہ اُس کی جگہ بادشاہ ہوتا ہے۔ |
| 23-26 آیات | فقحِیاہ فقح بِن رملیاہ کے ہاتھوں مارا جاتا ہے۔ |
| 27-31 آیات | شاہِ اسُور تگلت پلاسر شاہِ اسرائیل فقح کو اسیر کرتا ہے اور ہُوسیع بِن ایلہ فقح کو قتل کرتا ہے۔ |
| 32-35 آیات | شاہِ یہُوداہ یُوتام کاراست دورِ حکومت۔ |
| 36-38 آیات | یُوتام کا بیٹا آخز اُس کی جگہ بادشاہ بنتا ہے۔ |
| **باب 16** | |
| 1-4 آیات | آخز کاناراست دورِ حکومت۔ |
| 5-9 آیات | شاہِ ارام رضِین اور شاہِ اسرائیل رملیاہ آخز کو گھیر لیتے ہیں اور آخز شاہِ اسُور تِگلت پلاسر کو مدد کے لیے کہتا ہے۔ |
| 10-16 آیات | آخز دمشق سے اُوریاہ کاہن کے لیے مذبح کا ایک نقشہ بھیجتا ہے اور پیتل کے پُرانے مذبح کو اُسکی جگہ سے ہٹا دیتا ہے۔ |
| 17-18 آیات | آخز ہیکل کی چیزوں کو بگاڑ دیتا ہے۔ |
| 19-20 آیات | آخز کا بیٹا حزقیاہ اُس کی جگہ بادشاہ ہوتا ہے۔ |
| **باب 17** | |
| 1-2 آیات | شاہِ اسرائیل ہُوسیع کاناراست دورِ حکومت۔ |

Copyright©2020 reserved

| | |
|---|---|
| 3- 4آیات | شاہِ اسُور سلمنسر ہُوسیع پر چڑھائی کر تاہے اور ہوسیع شاہِ مصر کے ساتھ مل کر اُس کے خلاف سازش کر تا ہے۔ |
| 5- 23آیات | اپنی بدی کے باعث سامر یہ اسیری میں جاتا ہے۔ |
| 24- 41آیات | خدا سامر یہ میں بسائی جانے والی غیر اقوام کو شیروں کے ذریعے مار تا ہے۔ اور وہاں مختلف مذاہب کی آمیزش ہو جاتی ہے۔ |
| **باب 18** | |
| 1- 3آیات | حزقیاہ کا راست دورِ حکومت۔ |
| 4- 8آیات | وہ اُونچے مقاموں کو دُور کرتا، یسیرتوں کو کاٹ ڈالتا ہے اور سر فراز ہوتا ہے۔ |
| 9- 12آیات | خدا کی نافرمانی کے باعث سامریہ کے لوگ اسیری میں جاتے ہیں۔ |
| 13- 16آیات | شاہِ اسُور سنحیرب یہُوداہ پر چڑھائی کر تاہے اور حزقیاہ خراج ادا کرتے ہوئے اُسے منالیتا ہے۔ |
| 17- 37آیات | ربشاقی گستاخانہ انداز میں لوگوں کو بغاوت کے لیے اُبھار تا ہے۔ |
| **باب 19** | |
| 1- 5آیات | حزقیاہ دل گیر ہوتا ہے اور بزُرگوں کو آمُوص کے بیٹے یسعیاہ کے پاس بھیجتا ہے کہ وہ اُن کے لیے دُعا کرے۔ |
| 6- 7آیات | یسعیاہ اُن کو تسلی دیتا ہے۔ |
| 8- 13آیات | کُوش کے بادشاہ ترہاقہ کے مقابلے کو جاتے ہوئے سنحیرب حزقیاہ کے نام ایک گستاخانہ خط روانہ کرتا ہے۔ |
| 14- 19آیات | حزقیاہ دُعا کرتا ہے۔ |
| 20- 34آیات | یسعیاہ سنحیرب کی تباہی اور صِیُّون کی بھلائی کی نبوت کرتا ہے۔ |
| 35آیت | ایک فرشتہ اسُور کی لشکر گاہ میں ایک لاکھ پچاسی ہزار آدمی مار ڈالتا ہے۔ |
| 36- 37آیات | سنحیرب اپنے بیٹوں کے ہاتھوں قتل ہوتا ہے۔ |
| **باب 20** | |
| 1- 7آیات | حزقیاہ کو اُس کی موت کا پیغام ملتا ہے اور دُعا سے اُس کی عمر پندرہ برس بڑھا دی جاتی ہے۔ |
| 8-11آیات | اور نشان کے طور پر سایہ دس درجے پیچھے جاتا ہے۔ |
| 12- 13آیات | شاہ بابل برُودک بلہ دان حزقیاہ سے ملنے آتا ہے اور اُسکو تمام خزانے دکھائے جاتے ہیں۔ |
| 14- 19آیات | یسعیاہ اِن باتوں کو سمجھتے ہوئے بابل کی اسیری کی پیشن گوئی کرتا ہے۔ |
| 20-21آیات | حزقیاہ کا بیٹا منسّی اُس کے جگہ بادشاہ بنتا ہے۔ |
| **باب 21** | |
| 1- 2آیات | منسّی کا دورِ حکومت۔ |
| 3- 9آیات | منسّی کی خدا کے حضُور میں بدی۔ |
| 10- 16آیات | منسّی کی بدی کے باعث یہوداہ اور یروشلیم پر بلا نازل ہونے کی نبوتیں۔ |
| 17- 18آیات | منسّی کا بیٹا امُون اُس کی جگہ بادشاہ ہوتا ہے۔ |
| 19- 22آیات | امُون کا ناراست دورِ حکومت۔ |



Copyright©2020 reserved

| | |
|---|---|
| 23- 26 آیات | امُون کے خادم اُسے مار ڈالتے ہیں اور لوگ اُن خادموں کو قتل کرتے ہیں اور امُون کا بیٹا یُوسیاہ بادشاہ بنتا ہے۔ |
| **باب 22** | |
| 1- 2 آیات | یُوسیاہ کا راست دورِ حکومت۔ |
| 3- 7 آیات | یُوسیاہ ہیکل کی مرمت کی طرف توجہ دیتا ہے۔ |
| 8- 14 آیات | سردار کاہن خِلقیاہ کو توریت کی کتاب ملتی ہے اور یُوسیاہ خدا کے بارے میں جاننے کے لیے آدمی خُلدہ نبیّہ کے پاس بھیجتا ہے۔ |
| 15- 20 آیات | خُلدہ یروشلیم کی تباہی کی نبوّت کرتی ہے اور کہتی ہے کہ یہ یُوسیاہ کے دور میں نہیں ہو گی۔ |
| **باب 23** | |
| 1- 2 آیات | یُوسیاہ تمام لوگوں کو جمع کراتا ہے تاکہ اُن کے سامنے توریت کی کتاب پڑھی جائے۔ |
| 3 آیت | وہ خدا کے عہد کو بحال کرتا ہے۔ |
| 4- 14 آیات | وہ تمام بُت پرست کاہنوں کو موقوف کرتا، سُتونوں کو توڑتا اور یسیرتوں کو کاٹ ڈالتا ہے |
| 15- 20 آیات | وہ نبوّت کے مطابق بعل کے مذبح پر مُردہ آدمیوں کی ہڈیاں جلا کر اُسے ناپاک کرتا ہے۔ |
| 21- 23 آیات | یُوسیاہ حکم جاری کرتا ہے کہ خدا کے لیے فسح منائی جائے۔ |
| 24- 25 آیات | یُوسیاہ جِنّات کے یاروں، جادوگروں، مُورتوں اور سب نفرتی چیزوں کو مُلک سے دُور کرتا ہے۔ |
| 26- 28 آیات | یہُوداہ کے خلاف خدا کا قہرِ شدید۔ |
| 29- 30 آیات | جب یُوسیاہ شاہِ فرعون نکوہ کا سامنا کرنے جاتا ہے تو مارا جاتا ہے۔ |
| 31- 35 آیات | یُوسیاہ کا بیٹا یہُوآخز بادشاہ بنایا جاتا ہے جسے فرعون نکوہ قید کر لیتا ہے اور وہ الیاقیم کو اِس کی جگہ بادشاہ بناتا ہے۔ |
| 36- 37 آیات | شاہِ یہُوداہ یہُویقیم کا ناراست دورِ حکومت۔ |
| **باب 24** | |
| 1- 4 آیات | یہُویقیم تین برس تک شاہِ بابل نبوکدنضر کا خادم رہتا ہے اور پھر باغی ہونے کی وجہ سے اپنی بربادی کا باعث بنتا ہے۔ |
| 5- 6 آیات | یہُویقیم کا بیٹا یہُویاکین اُس کی جگہ بادشاہ بنتا ہے۔ |
| 7 آیت | بابلی بادشاہ مصری بادشاہ پر فتح پاتا ہے۔ |
| 8- 9 آیات | یہُویاکین کا ناراست دورِ حکومت۔ |
| 10- 16 آیات | شاہِ بابل یروشلیم کو اسیر کر کے بابل لے جاتا ہے۔ |
| 17- 20 آیات | یہُوداہ کی تباہی کے وقت نبوکدنضر صِدقیاہ کو بادشاہ بنا دیتا ہے جو خدا کی نظر میں بدی کرتا ہے۔ |
| **باب 25** | |
| 1- 3 آیات | نبوکدنضر یروشلیم کا محاصرہ کرتا ہے۔ |
| 4- 7 آیات | صدقیاہ پکڑا جاتا ہے اُسکے بیٹے قتل کیے جاتے ہیں اور اُس کی آنکھیں نکال دی جاتی ہیں۔ |
| 8- 12 آیات | نبوزرادان بادشاہ کے قصر اور شہر کو جلا دیتا ہے اور مزدوروں کے علاوہ تمام لوگوں کو اسیر بنا کر لے جاتا ہے |
| 13- 17 آیات | خداوند کے گھر کی چیزیں ٹکڑے ٹکڑے کی جاتی ہیں اور خزانے لے لیے جاتے ہیں۔ |

Copyright©2020 reserved

| | |
|---|---|
| 18-21آیات | کاہنوں اور سرداروں کو رِبلہ میں قتل کیا جاتا ہے۔ |
| 22- 26آیات | یہُوداہ کے بقیہ کا حاکم جِدلیاہ بھی مارا جاتا ہے اور لوگ مصر کو بھاگ جاتے ہیں۔ |
| 27- 30 آیات | شاہِ بابل اوِیل مُرودک یہُویاکین کو سرفراز کرتا ہے۔ |



Copyright©2020 reserved

